Date: ______ Day: ______

# Assignment

Subject :- Islamic Studies

Submitted to: Sir Ali Raza

Submitted by: Alishba Abid

Batch : 75

## سوال 1: اسلام سے کیا مراد ہے اور اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

start with the summary of the answer as introduction.

### دین اسلام کا تعارف

اسلام کے لغوی معنی

اطاعت، سپردگی، جھکنے اور سر تسلیم خم کرنے کے ہیں۔

### اسلام کے لفظی معنی

اسلام کے لفظی معنی

آشتی، امن و سکون اور سلامتی کے ہیں۔

### اسلام کا لفظ

اسلام لفظ سلم سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں جس کے معنی ہیں ظاہری و باطنی آفات سے بچے رہنے کے ہیں۔

### وضاحت

دین اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اور یہ ہمیں اللہ کی اطاعت و بندگی کا درس دیتا ہے۔ یہ ہمیں اللہ کے احکامات پر عمل کرنے کا طریقہ بتاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: Day:

# قرآن میں اللہ پاک فرماتے ہیں

"ان الدین عند اللہ الاسلام"

ترجمہ

"بے شک اللہ کے ہاں دین صرف اسلام ہے"

اسلام اللہ کے نزدیک سب دینوں میں سے افضل ہے۔ اللہ پاک نے دین اسلام کو انسانوں کی رہنمائی کے لیے نازل فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول حضرت محمد ﷺ کو پر دین اسلام نازل فرمایا۔ اور حضرت محمد ﷺ کو ہدایت دی کہ وہ اس کو تمام انسانیت تک پھیلائیں۔ دین اسلام کے دائرے میں آنے کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے توحید پر عمل کیا جائے۔

## سورۃ اخلاص

"اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد"

دین اسلام سب سے پہلے ہمیں توحید کا سبق دیتا ہے۔ اسلام ہمیں اللہ کی وحدانیت کا درس دیتا ہے۔ اللہ کا کوئی شریک نہیں وہ تمام جہانوں کا مالک ہے۔ ~~اور اسلا~~ اور آسمانوں اور زمینوں پر اسی کی حکمرانی ہے۔

keep the description of a single argument brief and increase the number of arguments instead.

Date: Day:

# "ان اللہ علی کل شیء قدیر"

## ترجمہ:

"بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔"

توحید کے بعد اسلام کا سب سے بڑا عقیدہ رسالت ہے۔ حضرت محمد ﷺ پر ایمان لانا۔ حضرت محمد ﷺ ہمارے آخری رسول و نبی ہیں۔ جو شخص حضرت محمد ﷺ پر ایمان نہیں لاتا وہ دائرہ اسلام سے باہر ہے۔

## حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

"میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔"

## اللہ فرماتے ہیں:

"مسلمانو! محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔"

(سورۃ الاحزاب : ۴۰)

اللہ پاک نے حضرت محمد ﷺ کو انسانوں کی رہنمائی اور ان کو سیدھی راہ پر چلانے کے لیے بھیجا۔ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے لیے تمام عقائد پر عمل کرنا بہت ضروری ہے اس کے بغیر دین نامکمل ہے۔

دین اسلام میں داخل ہونے کے لیے توحید رسالت، ملائکہ، اور تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔

Date:________ Day:________

اللہ تعالی نے تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار پیغمبروں
کو اس دنیا میں انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے
بھیجا۔ اللہ تعالی نے سب سے آخر میں حضرت محمدؐ
کو بھیجا۔

**قرآن میں ارشاد ہے:۔**

**"بے شک حضرت محمدؐ کی زندگی ہمارے**
**لیے بہترین نمونہ ہے"**

ان کی اسوۂ حسنہ پر عمل کر کے ہمیں دین و اسلام
میں سربلندی مل سکتی ہے۔ حضرت محمدؐ پر
قرآن مجید نازل ہوا۔ جو تمام انسانیت کے لیے
رہنمائی کا ذریعہ ہے۔

**اللہ فرماتے ہیں:۔**

"بے شک یہ (کتاب) نصیحت ہم
نے اتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں"
دین اسلام ہمیں تمام پہلو پر رہنمائی فرماتا
ہے۔ اس میں اجتماعی، سماجی، انفرادی
اور معاشرتی تمام مسائل کا حل ہے۔
دین اسلام ایک مکمل دین ہے۔ اس
میں حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق
العباد کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔
اسلام ایک دین ہے اور تمام مذاہب سے
بالاتر ہے۔ اس میں انسان کی رہنمائی
کے لیے ہر چیز موجود ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: ________ Day: ________

# "اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے"

اسلام انسان کی زندگی کے تمام پہلو پر روشنی ڈالتا ہے۔ اسلام تمام پہلو مثلاً سیاسی، سماجی معاشی، معاشرتی، انفرادی اور اجتماعی ہر زندگی کے بارے میں مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے
کلمہ، نماز، زکوٰۃ، روزے اور حج۔
یہ اسلام کے بنیادی ارکان ہیں۔ ان پر عمل کیے بغیر کوئی انسان دینِ اسلام میں داخل نہیں ہو سکتا۔

## لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

## ترجمہ

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمدؐ اللہ کے آخری رسول ہیں"

کلمہ پر ایمان لانا بہت ضروری ہے۔

## اللہ فرماتے ہیں۔

"نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے"

نماز دن میں پانچ مرتبہ ادا کی جاتی ہے یہ تمام مسلمانوں کو اللہ کے قریب کرتی ہے۔

نماز دینِ اسلام کا اہم رکن ہے۔ اس کے بغیر کوئی بھی مسلمان نہیں ہو سکتا۔

Scanned with CamScanner

Date: ______ Day: ______

## اللہ فرماتے ہیں:-

"اور نماز قائم کرو اور
زکوٰۃ ادا کرو"

1) زکوٰۃ ہر صاحبِ استطاعت پر فرض کی گئی ہے۔ اور یہ دینِ اسلام کا تیسرا اہم رکن ہے۔ اس کے علاوہ روزہ دینِ اسلام کا بنیادی رکن ہے۔ رمضان کے مہینے میں روزے رکھے جاتے ہیں۔

## حضرت محمدؐ نے فرمایا:-

"روزہ ڈھال ہے"

اس کے علاوہ حج اسلام کا پانچواں اہم رکن ہے۔

(سورۃ البقرہ : ۱۹)

2) "اور حج اور عمرہ اللہ کے لیے
پورا کرو"

اسلام بہت ہی افضل دین ہے۔ اور کوئی دین اسلام سے دور رہ کر کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ دینِ اسلام نہ صرف پہلے دور میں ضروری تھا بلکہ آج بھی اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

thi

this part is not required in this much detail. shorten it a bit.

Scanned with CamScanner

Date: Day:

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

اسلام کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں۔

## 1) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات

اسلام ایک مکمل دین ہے۔ اور یہ تمام مذاہب سے بالاتر ہے۔ اس میں انسان کی ہر پہلو کے لیے رہنمائی موجود ہے۔ اسلام انسانوں کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ تمام انسان اسلام کی تعلیمات پر عمل کر کے کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں۔ دین ہمیں تمام پہلو مثلاً سماجی، سیاسی، انفرادی اور اجتماعی وغیرہ میں مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے

## 2) نیشنلزم سے پاک

دنیا میں جتنے بھی مذاہب ہیں ان میں رنگ و نسل اور زبان وغیرہ کا فرق موجود ہے۔ لیکن اسلام نے تمام انسانوں کو برابر کر دیا ہے۔ اسلام نے کسی انسان کو دوسرے پر فضیلت و برتری نہیں دی سوائے اس کے تقویٰ اور نیک اعمال کے۔ اسلام سے پہلے عرب میں لوگ ایک دوسرے کو برابر نہیں سمجھتے تھے۔ اور نہ ہی لوگوں کو مکمل حقوق فراہم کیے جاتے تھے۔ مگر اسلام نے تمام تفرقات کو ختم کر دیا ہے

Date:________ Day:________

## قرآن میں ارشاد ہے:-

ترجمہ: "کسی عربی کو کسی عجمی پر کسی گورے کو کسی کالے پر کوئی فضیلت و برتری حاصل نہیں ہے، سوائے تقویٰ اور نیک اعمال کے"

اسلام نے تمام مسلمانوں کو برابر قرار دیا ہے اسلام نے فضیلت و برتری کا معیار سوائے نیک اعمال اور تقویٰ کو قرار دیا ہے۔ کوئی قبیلہ یا کوئی ذات اسلام میں برتری حاصل نہیں کر سکتی

## اللہ فرماتے ہیں:-

"اور میں نے انسانوں اور جنوں کو اس کے لیے پیدا کیا تاکہ وہ میری عبادت کر سکیں"

## 3) حقوق العباد پر زور

دینِ اسلام حقوق العباد کی ادائیگی پر زور دیتا ہے۔ اسلام سے پہلے عرب کے حالات بہت ناساز تھے۔ لڑکیوں کو زندہ قبر میں درگور کر دیا جاتا تھا۔ اور عورتوں پر ظلم کیا جاتا تھا۔ غلاموں کو ان کے حقوق نہیں دیے جاتے تھے۔ اور ان سے برا سلوک کرتے تھے۔ مگر جب آپ ﷺ اس دنیا میں دینِ اسلام لے کر آئے۔ آپ ﷺ نے تمام انسانوں کو برابر کے حقوق

Date: Day:

ہے۔ آپؐ نے تمام لوگوں کے حقوق پر بات کی۔
آپؐ نے خطبہ حجتہ الوداع میں فرمایا:۔
"اے لوگوں! عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو"
آپؐ نے غلاموں کے بارے میں فرمایا ان کو وہ سب کھلاؤ اور پہناؤ جو تم اپنے لیے پسند کرتے ہو۔

4) **عالمگیر اور آخری دین**

اسلام ایک مکمل اور عالمگیر دین ہے۔ جس میں انسانیت کے لیے عام ہدایت و رہنمائی موجود ہے۔ اسلام آخری دین ہے۔ اور اس کے بعد کوئی دین اس دنیا میں نہیں آئے گا حضرت محمدؐ ہمارے آخری رسول ہیں۔ اور ان کے بعد اس دنیا میں کوئی رسول نہیں آئے گا۔
آپؐ نے خطبہ حجتہ الوداع میں فرمایا:۔
"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو بحیثیت دین پسند کر لیا۔"

Scanned with CamScanner

Date: ________ Day: ________

آپؐ نے فرمایا:

"میں آخری نبی ہوں اور
میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا"

آپؐ نے دینِ اسلام کو ہمارے لیے
پسند فرمایا۔ اور ہمیں اس پر چلنے کی
تلقین کی۔

add more arguments in this part.

end with conclusion.